**مقرر:** یہ ویڈیو پناہ کے دعووں سے متعلق سماعت کے بارے میں مفید معلومات فراہم کرتی ہے۔ مزید تفصیلات اور تازہ ترین معلومات کے لیے ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کریں: irb.gc.ca

**موسیقی:** پس منظر میں دھیمی موسیقی چل رہی ہے۔

**مقرر:** میگریشن اینڈ ریفیوجی بورڈ آف کینیڈا یا IRB کینیڈا کا سب سے بڑا انتظامی ٹریبونل ہے۔

**مقرر:** یہ امیگریشن اور پناہ گزینی کے معاملات پر منصفانہ، مؤثر اور قانونی اصولوں کے مطابق فیصلے کرنے کا ذمہ دار ہے۔

**مقرر:** RPD یا ریفیوجی پروٹیکشن ڈویژنIRB کا ایک ذیلی ادارہ ہے۔ RPD ہر سال کینیڈا آنے والے ہزاروں دعویداروں میں سے یہ فیصلہ کرتا ہے کہ کن افراد کو پناہ کی حفاظت حاصل ہونی چاہیے۔

**مقرر:** جب آپ پہلی بار کینیڈا میں پناہ کی درخواست دیتے ہیں تو امیگریشن، ریفیوجیز اینڈ سٹیزن شپ کینیڈا یا کینیڈا بارڈر سروسز ایجنسی کا افسر یہ فیصلہ کرتا ہے کہ آیا آپ پناہ کا دعویٰ کرنے کے اہل ہیں یا نہیں۔ اگر آپ اہل پائے جائیں تو آپ کا دعویٰ RPD کو بھیج دیا جاتا ہے۔

**مقرر:** RPD میں فیصلہ کرنے والے فرد کو ممبر (Member) کہا جاتا ہے۔ یہی ممبر یہ فیصلہ کرے گا کہ آیا آپ کو پناہ کی حفاظت دی جائے گی یا نہیں، اور اگر دی جائے، تو کیا آپ ایک کنوینشن ریفیوجی ( Convention Refugee) ہیں یا ایک تحفظ کا محتاج فرد۔

**مقرر:** ایک*کنوینشن ریفیوجی* وہ شخص ہوتا ہے جو اپنے آبائی ملک یا اپنے معمول کے ملک سے باہر ہو، اور وہ وہاں اس لیے واپس نہیں جا سکتا کیونکہ اسے کسی وجہ سے ظلم و ستم کا حقیقی خطرہ ہو۔ جیسے نسل، مذہب، قومیت، سیاسی نظریہ، یا کسی مخصوص سماجی گروہ سے تعلق۔

**مقرر:** *تحفظ کا محتاج فرد وہ شخص ہوتا ہے* جو کینیڈا میں موجود ہو اور اپنے ملک واپس محفوظ طریقے سے نہ جا سکتا ہو۔ اگر وہ واپس گیا تو اُسے اذیت، جان کا خطرہ، یا ظالمانہ و غیر معمولی سلوک یا سزا کا سامنا ہو سکتا ہے۔

**مقرر:** ہم آپ کو دعوت دیتے ہیں کہ RPD کی ویڈیو سیریز دیکھیں تاکہ آپ کو اپنے پناہ کے دعوے کے بارے میں اہم معلومات حاصل ہوں۔

**مقرر:** یہ چار ویڈیوزپر مشتمل سیریز آپ کے ابتدائی سوالات کے جواب دے گی، تاکہ آپ اپنے پناہ کے دعوے کا آغاز کر سکیں اور RPD کے ساتھ سماعت کی تیاری بہتر طور پر کر سکیں۔

**مقرر:** ہم آپ کو ترغیب دیتے ہیں کہ آپ سیریز کی تمام چار ویڈیوز ضرور دیکھیں۔ آئیے دیکھتے ہیں کہ ہر ویڈیو کس بارے میں ہے۔

**مقرر:** پہلی ویڈیو کا عنوان ہے: "اپنے پناہ کے دعوے کے لیے ثبوت کیسے جمع کریں اور جمع کرائیں"۔ یہ ویڈیو ایک اچھا نقطہ آغاز ہے اور آپ کو کینیڈا میں پناہ کے دعوے کے عمل کا جائزہ فراہم کرتی ہے۔

**مقرر:** اس ویڈیو میں آپ سیکھیں گے کہ اپنے دعوے کی حمایت کے لیے کن اقسام کے ثبوت اکٹھے کرنے ہیں، اور انہیں RPD کو کیسے جمع کروانا ہے۔ آپ یہ بھی سیکھیں گے کہ کون لوگ اس عمل میں آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔

**مقرر:** ویڈیو میں بیسس آف کلیم فارم (Basis of Claim form) پر بھی بات کی گئی ہے، اور یہ فارم آپ کے دعوے کے لیے کیوں اہم ہے۔ یہ فارم آپ کی شناخت اور پناہ لینے کی وجوہات کی وضاحت میں مدد کرتا ہے۔ ضروری ہے کہ اس فارم میں دی گئی معلومات مکمل، سچی اور درست ہوں کیونکہ یہ معلومات RPD ممبر کے فیصلے میں معاون ثابت ہوتی ہیں۔

**مقرر:** دوسری ویڈیو کا عنوان ہے: "سماعت میں شرکت سے پہلے آپ کو کیا جاننا چاہیے"۔ یہ ویڈیو آپ کو RPD کے ساتھ اپنی سماعت کی تیاری میں مدد دیتی ہے۔

**مقرر:** یہ ویڈیو وضاحت کرتی ہے کہ آپ کو سماعت کی تاریخ اور وقت کیسے معلوم ہوں گے۔

**مقرر:** آپ یہ بھی سیکھیں گے کہ سماعت کے عمل میں کون آپ کی مدد کر سکتا ہے. جیسے کہ وکیل، امیگریشن کنسلٹنٹ، نوٹری پبلک، پیرا لیگل، یا خاندان یا دوستوں کا کوئی فرد، یا آپ خود اپنی نمائندگی بھی کر سکتے ہیں۔

**مقرر:** آپ یہ بھی سیکھیں گے کہ آپ، آپ کے وکیل، اور RPD ممبر کے علاوہ اور کون سماعت میں موجود ہو سکتا ہے، اور وہ وہاں کیوں موجود ہوتے ہیں۔

**مقرر:** ان میں وزیر کے وکیل، مترجم، گواہ، اور مبصر شامل ہو سکتے ہیں۔

**مقرر:** یہ ویڈیو ورچوئل سماعت کے طریقہ کار کی وضاحت کرتی ہے اور آپ کو تیاری کے لیے مفید مشورے فراہم کرتی ہے۔

**مقرر:** اگر آپ کو مختلف نوعیت کی سماعت درکار ہو، جیسے کہ IRB دفتر میں بالمشافہ سماعت، تو یہ ویڈیو آپ کو درخواست دینے کا طریقہ بھی بتاتی ہے.

**مقرر:** تیسری ویڈیو کا عنوان ہے: "آپ کی ریفیوجی پروٹیکشن سماعت"۔ یہ ویڈیو مکمل طور پر آپ کے سماعت کے دن سے متعلق ہے۔

**مقرر:** یہ وضاحت کرتی ہے کہ سماعت کا عمل کیسے چلے گا اور سوال و جواب کیسے ہوں گے۔

**مقرر:** آپ یہ بھی سیکھیں گے کہ سماعت میں کون سے قانونی نکات زیر غور آ سکتے ہیں. جیسے: شناخت، سچائی، ریاستی تحفظ، اور متبادل داخلی پناہ۔

**مقرر:** ویڈیو یہ بھی بتاتی ہے کہ RPD آپ کو ممبر کے فیصلے سے کیسے آگاہ کرے گا، اور فیصلہ موصول ہونے کے بعد آپ کو کون سے اقدامات کرنے ہیں۔

**مقرر:** چوتھی اور آخری ویڈیو کا عنوان ہے: "پناہ کے دعوے کے عمل اور طریقہ کار سے متعلق آپ کے سوالات کے جوابات"۔ یہ ویڈیو دعوے کے عمل اور دیگر RPD طریقہ کار کی اہم معلومات پر روشنی ڈالتی ہے۔

**مقرر:** آپ Basis of Claim فارم کے بارے میں مزید جانیں گے، جیسے کہ فارم جمع کرانے کی آخری تاریخ، فارم میں معلومات کو اپڈیٹ یا شامل کرنے کا طریقہ، اور فارم RPD کو جمع کرانے کا مکمل طریقہ۔

**مقرر:** آپ دیگر اہم آخری تاریخوں کے بارے میں بھی سیکھیں گے اور دستاویزات RPD کو کیسے بھیجی جاتی ہیں۔ ویڈیو یہ بھی بتاتی ہے کہ اگر آپ کو تیاری یا دستاویزات جمع کرانے کے لیے مزید وقت درکار ہو تو کیا کرنا ہے۔

| |
|---|
| **مقرر:** یہ تمام ویڈیوز دیکھنے کے بعد آپ کو پناہ کے دعوے کے عمل اور طریقہ کار کی بہتر سمجھ حاصل ہو گی، اور آپ اپنی سماعت کے لیے زیادہ بہتر طریقے سے تیار ہوں گے۔ |
| **مقرر:** اور یاد رکھیں، اگر آپ کا پناہ کا دعویٰRPD کے ساتھ ہے، تو اپنی رابطہ معلومات کو ہر حال میں اپڈیٹ رکھیں۔<br><br>**مقرر:** اگر آپ کا پتہ یا  رابطہ نمبر تبدیل ہو تو فوراً IRB کو مطلع کریں تاکہ ہم آپ سے رابطے میں رہ سکیں. |
| **مقرر:** پناہ کے دعوے کے عمل سے متعلق تازہ ترین معلومات کے لیے IRB کی ویب سائٹ پر جائیں یا ہمارے مفت ہیلپ لائن نمبر 1-833-931-5121 پر کال کریں. |
| **مقرر:** آپ اسکرین پر موجود QR کوڈ کو اسکین کر کے *ہم سے رابطہ کریں* صفحے پر جا سکتے ہیں، جہاں آپ کو دستاویزات جمع کرانے اور سوالات کی صورت میں ہم سے رابطہ کرنے کی تفصیلات ملیں گی۔ |